**Fazil/Tausif**

**14-08-2025**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں کلیم احمد

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- صدر جمہوریہ دروپدی مرمو **79** ویں یومِ آزادی کے موقع پر آج قوم سے خطاب کریں گی۔

2- بھارت نے **100** گیگا واٹ سولر پی وی ماڈیول مینوفیکچرنگ کی صلاحیت حاصل کر کے ایک اہم سنگِ میل حاصل کیا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے اس حصولیابی کی تعریف کی ہے اور اسے خود کفالت کے لیے ایک اہم سنگِ میل قرار دیا ہے۔

3- اتراکھنڈ نے، سابق اگنی ویروں کے لیے سرکاری سروسز میں براہِ راست تقرری کے لیے **10** فیصد **Horizontal** ریزرویشن کی منظوری دی ہے۔

4- سپریم کورٹ کے تین ججوں کی بنچ آج، قومی راجدھانی خطّے دلّی میں آوارہ کتّوں کے معاملے کی سماعت کرے گی۔

5- اور بھارتی محکمۂ موسمیات **IMD** نے جموں و کشمیر، ہماچل پردیش اور ساحلی آندھراپردیش میں آج انتہائی شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Prez Address

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو **79** ویں یوم آزادی کے موقع پر آج قوم سے خطاب کریں گی۔ اُن کے خطاب کو شام سات بجے سے آکاشوانی کے تمام قومی نیٹ ورک اور دور درشن کے سبھی چینلوں پر ہندی میں براہِ راست نشر کیا جائے گا، جس کے بعد یہ انگریزی میں نشر ہوگا۔ دور درشن پر ہندی اور انگریزی میں خطاب کے نشریہ کے بعد، اسے دور درشن کے علاقائی چینلوں پر علاقائی زبانوں میں بھی نشر کیا جائے گا۔ آکاشوانی اپنے متعلقہ علاقائی نیٹ ورک پر رات ساڑھے نو بجے اسے علاقائی زبان میں نشر کرے گا۔×

Har Ghar Tiranga

**79** ویں یوم آزادی کی تقریبات کے حصے کے طور پر ملک بھر کے لوگ ہر گھر ترنگا مہم میں سرگرمی کے ساتھ حصہ لے رہے ہیں۔

**Har Ghar Tringa Music**

مرکز کے زیرِ انتظام لداخ میں، لداخ Taekwondo ایسوسی ایشن نے کل کرگل میں ترنگا ریلی نکالی۔ ریلی میں بھارت ماتا کی جئے، کھیلے گا انڈیا، بڑھے گا انڈیا کے نعرے لگائے گئے۔ جموں و کشمیر میں، راجوری ضلع انتظامیہ نے ہر گھر ترنگا مہم کے تحت کئی ترنگا ریلیاں نکالیں، جن میں زندگی کے تمام شعبوں اور سماج کے مختلف طبقوں کے لوگوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ بہار میں، پٹنہ میں سشستر سیما بل اور بھارت-نیپال سرحد پر اس کی مختلف بٹالین نے ترنگا ریلی کا اہتمام کیا۔

تریپورہ کے اگرتلہ میں ایک ریلی کا اہتمام کیا گیا۔ اس ریلی میں تریپورہ اور شمال مشرقی خطّے سے تعلق رکھنے والے 45 گمنام مجاہدین آزادی کے مجسمے پر مشتمل جلوس توجہ کا اہم مرکز تھا۔ پورے مہاراشٹر میں، 'ہر گھر ترنگا' مہم حب الوطنی کے جذبے کے ساتھ جاری ہے۔ گجرات کے وزیر اعلیٰ بھوپیندر پٹیل نے احمد آباد کے کبیر نگر میں زبردست ترنگا ریلی کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ ہاتھوں میں ترنگا پکڑے ہزاروں افراد اور تنظیموں نے اس ریلی میں شرکت کی۔ پانڈیچیری یونیورسٹی نے اپنے کیمپس میں انسانی زنجیر کے پروگرام کا انعقاد کیا۔ طلباء، اساتذہ اور انتظامی عملے کے افراد بڑی تعداد میں قومی پرچم تھامے ہوئے باہر نکلے۔×

PM Independence Day

ملک کل اپنا 79 واں یوم آزادی منائے گا۔ وزیر اعظم نریندر مودی دلّی کے مشہور لال قلعے سے یومِ آزادی کی تقریبات کی قیادت کریں گے۔ وہ قومی پرچم لہرائیں گے اور تاریخی لال قلعے کی فصیل سے قوم سے خطاب کریں گے۔ ملک 2047 تک حکومت کے وِکست بھارت کے ویژن کو پورا کرنے کی طرف تیزی کے ساتھ گامزن ہے، ایسے میں اس سال کی تقریبات کا موضوع ''نیا بھارت'' ہے۔ یہ تقریبات ایک خوشحال، محفوظ اور جرأت مند نئے بھارت کی مسلسل ترقی کو یاد کرنے کے لیے ایک پلیٹ فارم کے طور پر کام کریں گی اور ترقی کی راہ پر مزید آگے بڑھنے کے لیے نئی طاقت اور توانائی فراہم کریں گی۔ اس سال یومِ آزادی کی تقریبات میں آپریشن سِندور کی کامیابی کا جشن منایا جائے گا۔

یومِ آزادی کی تقریبات میں شرکت کے دعوت نامے پر آپریشن سِندور کا Logo اور چناب پُل کا واٹر مارک بھی ہے۔ اس سال لال قلعے میں یومِ آزادی کی تقریبات کا نظارہ کرنے کے لیے زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے تقریباً پانچ ہزار خصوصی مہمانوں کو مدعو کیا گیا ہے۔×

Partition Day

آج ملک کی تقسیم کی ہولناکیوں کو یاد کرنے کا دن ہے۔ یہ دن 1947 میں ملک کی تقسیم کے متاثرین اور تقسیم کے دوران لوگوں کی مشکلات کی یاد دلاتا ہے۔ اس دن ملک اُن تمام افراد کو خراجِ عقیدت پیش کرتا ہے، جنہوں نے 1947 میں تقسیم کے دوران اپنی جانیں گنوائیں اور ناقابلِ تصور مشکلات کا سامنا کیا۔ حکومت نے 2021 میں ملک کی تقسیم کے سبب اپنی جانیں گنوانے والے اور اپنے آبائی وطن سے بے گھر ہوئے لوگوں کو خراجِ عقیدت پیش کرنے اور اُن کی قربانیوں کو یاد کرنے کے لیے ہر سال 14 اگست کو یہ دن منانے کا فیصلہ کیا تھا۔×

President Amrit Udyan

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو آج صبح راشٹرپتی بھون کے اَمرت اُدیان کا افتتاح کریں گی۔ اَمرت اُدیان ہفتے کے روز صبح 10 بجے سے شام چھ بجے تک عام لوگوں کیلئے 14 ستمبر تک کھلا رہے گا۔

کھیلوں کے قومی دن کے موقع پر 29 اگست کو کھلاڑیوں اور یومِ اساتذہ کیلئے 5 ستمبر کو اساتذہ کو اَمرت اُدیان میں خصوصی طور پر داخلہ دیا جائے گا۔

اَمرت اُدیان کا باغ کئی خصوصیات سے سجا ہوگا، جن میں بال واٹیکا، ہربل گارڈن، بونسائی گارڈن، سینٹرل لان، Long گارڈن اور سرکُر گارڈن شامل ہیں۔ اَمرت اُدیان میں داخلہ مفت رہے گا اور یہ ہر پیر کے روز دیکھ بھال کیلئے بند رہے گا۔×

Joshi Solar Gigawatt

بھارت نے 100 گیگا واٹ سولر پی وی ماڈیول مینوفیکچرنگ کی صلاحیت حاصل کر کے ایک اہم سنگِ میل طے کیا ہے، جو کہ 2014 میں صرف 2 اعشاریہ 3 گیگا واٹ کے مقابلے ایک قابل ذکر اضافہ ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے اس حصولیابی کی تعریف کی ہے اور اسے خود کفالت کے لیے ایک اہم سنگِ میل قرار دیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر انہوں نے کہا کہ یہ مینوفیکچرنگ کی صلاحیت اور ماحولیات کے لیے سازگار توانائی کو مقبول بنانے میں بھارت کی کامیابی کو ظاہر کرتا ہے۔

اس کامیابی کو اُجاگر کرتے ہوئے، نئی اور قابل تجدید توانائی کے مرکزی وزیر پرہلاد جوشی نے کہا کہ اُن کی وزارت ایک مضبوط اور خودکفیل سولر مینوفیکچرنگ ایکو نظام تشکیل دے رہی ہے۔

جناب جوشی نے کہا کہ یہ کامیابی آتم نربھر بھارت کے مقصد اور 2030 تک 500 گیگا واٹ غیر روایتی ایندھن کی صلاحیت کے ہدف کو حاصل کرنے کی راہ کو مستحکم کرتی ہے۔×

UP LEGISLATIVE ASSEMBLY

سال 2047 تک اترپردیش کو ترقی یافتہ بنانے کے مقصد سے ویژن دستاویز تیار کرنے کی خاطر اترپردیش قانون ساز اسمبلی میں 24 گھنٹے طویل بحث جاری ہے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔۔۔

**VC:Om Awasthi**

*اترپردیش قانون ساز اسمبلی میں ویژن دستاویز 2047 پہلی 24 گھنٹے طویل بحث جاری ہے، جس میں سینئر وزراء، اقتصادی ترقی، سماجی انصاف، ماحولیاتی تحفظ اور بنیادی ڈھانچے پر منصوبے وضع کر رہے ہیں۔*

*اترپردیش کے وزیر اسیم ارون نے کہا کہ اس میراتھن مباحثے کے بعد ویژن دستاویز کا پہلا ڈرافٹ ترتیب دیا جائے گا، جسے ردِّعمل کے لیے عوام کو پیش کیا جائے گا۔ اِس کے بعد دستاویز کو حتمی شکل دی جائے گی۔*

***Byte***

یہ بحث آج صبح **11** بجے ختم ہوگی۔
لکھنؤ سے اوم اوستھی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ضمیر رضوی

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Uttarakhand Cabinet

اترا کھنڈ میں ریاستی کابینہ نے فوج سے واپسی کے بعد سابق اَگنی ویروں کے لیے سرکاری سروِز میں براہ راست بھرتی کے لیے **10** فیصد **Horizontal** ریزروِیشن کو منظوری دی ہے۔ کُل وزیر اعلیٰ پشکر سنگھ دھامی کی صدارت میں ہوئی کابینہ میٹنگ میں اِس کی منظوری دی گئی۔ یہ ریزرویشن ریاستی حکومت کے تحت سروِسز میں گروپ-سی کی پوسٹوں سے متعلق ہے۔ سابق اَگنی ویروں کو براہ راست بھرتی کے دوران جسمانی کارکردگی سے متعلق امتحان نہیں دینا ہوگا اور زیادہ سے زیادہ عمر کی حد میں بھی چھوٹ دی گئی ہے۔

اِس دوران ریاستی کابینہ نے اترا کھنڈ آزادیٔ مذہب ترمیمی بل **2025** کو بھی منظوری دے دی ہے، جس میں غیر قانونی طور پر مذہبی تبدیلی کو روکنے کے لیے سخت التزامات رکھے گئے ہیں۔

ترمیمات میں تبدیلی مذہب کی ڈیجیٹل تشہیر پر پابندی، متاثرین کے تحفظ کے لیے ٹھوس اقدامات اور سخت سزائیں شامل ہیں۔×

SC Stray Dogs

دلّی - **NCR** میں آوارہ کتوں کی وجہ سے پیدا ہونے والے مسائل سے متعلق سپریم کورٹ کے حالیہ حکم کا دوبارہ جائزہ لیا جائے گا۔ بھارت کے چیف جسٹس نے اِس کے لیے جسٹس وِکرم ناتھ، جسٹس سندیپ مہتا اور جسٹس این وی انجاریا پر مشتمل **3** ججوں کی بینچ تشکیل دی ہے۔ اِس معاملے پر آج سماعت ہوگی۔

اِس سے پہلے ایک وکیل نے اِس معاملے کا ذکر کرتے ہوئے کہا تھا کہ سپریم کورٹ کی مختلف بینچوں نے الگ الگ ہدایات جاری کی ہیں۔ اِس سلسلے میں بھارت کے چیف جسٹس بی آر گوئی نے کہا تھا کہ وہ کتوں سے متعلق موجودہ مسائل کی جانچ کریں گے۔ بینچ نے آوارہ کتوں کو شیلٹر میں منتقل کرنے اور انہیں عوامی مقامات پر دوبارہ چھوڑے جانے پر روک لگانے کا حکم دیا تھا۔

**11** اگست کو جسٹس جے بی پاردیوالا اور جسٹس آر مہادیو کی بینچ نے کتوں کے مسائل پر سخت رخ اپنایا تھا اور دلّی - **NCR** سے **8** ہفتے کے اندر اِن کے ہٹائے جانے اور کتوں کے لیے شہری انتظامیہ کے ذریعے تیار کے گئے مخصوص پناہ گاہوں میں منتقل کرنے کا حکم دیا تھا۔×

ICICI Minimum Balance

پرائیویٹ بینک ICICI نے میٹرو اور شہری علاقوں میں نئے صارفین کے لیے بینک کھاتوں میں کم از کم اوسط بیلینس کی شرط میں جزوی طور پر تبدیلی کرتے ہوئے اِسے 50 ہزار روپے سے گھٹا کر 15 ہزار روپے کردیا ہے۔ یہ تبدیلی صارفین کی جانب سے سخت ردّ عمل ظاہر کرنے کے بعد ہوئی ہے۔ اِس سے پہلے بھارت کے دوسرے سب سے بڑے بینک ICICI نے میٹرو اور شہری علاقوں میں نئے صارفین کے لیے کم از کم بیلینس کے شرط کو 10 ہزار سے بڑھا کر 50 ہزار روپے کر دیا تھا۔ دوسری جانب SBI، PNB اور Canara بینک جیسے بڑے بینک، بچت کھاتوں سے کم از کم بیلینس کی شرط کو نہ صرف ہٹا چکے ہیں بلکہ کم از کم بیلینس برقرار نہ رکھ پانے پر عائد کیے جانے والے جُرمانے کو بھی ختم کر رہے ہیں۔×

CEO - Tarrifs

اعلیٰ اقتصادی مشیر V. Anantha Nageswaran نے کہا ہے کہ بھارتی برآمدات پر حالیہ امریکی محصولات کا اثر مختصر ہوگا اور ایک یا دو سہ ماہی میں اِس میں نرمی آجائے گی۔ ممبئی میں کل خطاب کرتے ہوئے، جناب Nageswaran نے کہا کہ قیمتی پتھروں اور زیورات، جھینگا اور ٹیکسٹائل جیسے شعبے، اِس سے ابتدائی طور پر متاثر ہورہے ہیں لیکن معیشت پر اس کا طویل مدتی اثر محدود ہوگا۔ انہوں نے صبر وتحمل پر زور دیتے ہوئے کہا کہ حکومت صورتحال سے واقف ہے اور اُس نے متاثرہ شعبوں کے ساتھ پہلے ہی بات چیت شروع کردی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اِس ماہ بعد میں اَلاسکا میں امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ اور روسی صدر ولادیمیر پوتن کے درمیان ہونے والی میٹنگ کا موجودہ بھارت–امریکی تجارتی صورتحال پر اثر پڑ سکتا ہے۔×

IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے جموں و کشمیر، ہماچل پردیش، مشرقی مدھیہ پردیش، وِدربھ خطّے اور ساحلی آندھراپردیش میں آج انتہائی شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے کہا ہے کہ اتراکھنڈ میں اگلے پانچ روز کے دوران شدید بارش کا امکان ہے۔ IMD نے کہا کہ پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، اترپردیش میں الگ الگ جگہوں پر ہفتے کے روز تک اسی طرح کے حالات رہنے کا امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے مدھیہ پردیش، وِدربھ اور چھتیس گڑھ کے علاقوں میں اس مہینے کی 19 تاریخ تک شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ بہار میں بھی اگلے دو روز کے دوران شدید بارش کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ IMD نے کہا کہ اُڈیشہ میں 17 تاریخ تک شدید بارش کا امکان ہے، جبکہ مغربی مدھیہ پردیش میں جمعے اور ہفتے کے روز انتہائی شدید بارش ہوسکتی ہے۔ اس دوران دلّی اور ملحقہ علاقوں میں آج صبح سویرے گرج چمک کے ساتھ ہلکی بارش ہوئی۔×

Andhra Pardesh Rain

آندھر پردیش ریاست میں کل موسلادھار بارش کی وجہ سے سیلاب جیسی صورتحال پیدا ہوگئی، جس سے روزمرہ کی زندگی میں رخنہ پڑا۔ آندھر پردیش میں گذشتہ 24 گھنٹے میں موسلادھار بارش ہوئی ہے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ............

**VC - Henry**

ریاست آندھرا پردیش میں گذشتہ 24 گھنٹے کے دوران موسلادھار بارش سے متعلق حادثات میں
وجے واڑا میں 2 لوگوں کی موت ہوگئی۔ وِجے نگرم، کنٹور، کرشنا اور دیگر ساحلی ضلعوں میں 24 گھنٹے
کے دوران شدید بارش ہوئی ہے۔ گوداوری ضلع میں ریڈ الرٹ جاری کردیا گیا ہے۔
اِس دوران وزیر اعلیٰ این چندر بابو نائیڈو نے اپنے کیمپ آفس میں وزراء، قدرتی آفات سے نمٹنے
کی اتھارٹی، زراعت اور آبی وسائل کے محکمے کے افسران کے ساتھ اعلیٰ سطحی میٹنگ کی اور ریاست بھر
میں شدید بارش کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ وزیر اعلیٰ نے افسران کو احتیاطی اقدامات برتنے اور ندیوں،
خصوصاً کرشنا ندی کے طاس کے علاقوں میں اچانک سیلاب کی صورتحال پر قریبی نگاہ رکھنے کو کہا ہے۔
وجے واڑا سے **Henry** کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے محمد عمار

HP Jammu Weather

ہماچل پردیش میں مانسون کے دوبارہ فعال ہونے کے ساتھ ہی روزمرہ کی زندگی متاثر ہوگئی ہے۔ تودے کھسکنے سے مختلف مقامات پر 2 قومی شاہراہوں اور 323 رابطہ سڑکوں پر ٹریفک کی آمد و رفت بند ہوگئی ہے۔
اِس دوران جموں و کشمیر میں محکمۂ موسمیات نے کُل تک جموں ڈیویژن کے مختلف حصوں میں شدید بارش سے متعلق وارننگ جاری کی ہے اور رہائشیوں سے ضروری احتیاطی اقدامات برتنے کو کہا ہے۔×

Boxing - Sub Junior

ہریانہ کے نوجوان مکے بازوں نے گُل گریٹر نوئیڈا میں سَب جونیئر 15 سال سے کم عمر کے لڑکوں اور لڑکیوں کے نیشنل چیمپئن شپ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے دونوں زمروں میں مجموعی طور پر ٹیم ٹائٹل جیت لیے ہیں۔
لڑکوں کے زمرے میں ہریانہ نے 4 طلائی، 2 چاندی اور 6 کانسے کے تمغے حاصل کیے ہیں، جبکہ سروِسز، 5 طلائی، 4 چاندی اور 9 کانسے کے تمغے کے ساتھ دوسرے مقام پر رہی۔ اتر پردیش نے 2 طلائی، 1 چاندی اور 2 کانسے کے تمغے حاصل کیے ہیں۔×

PM- Man ki Baat

وزیراعظم نریندر مودی 31 اگست کو آ کاشوانی پر 'من کی بات' پروگرام میں ملک اور بیرون ملک کے لوگوں کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ لوگ اس پروگرام کیلئے اپنے خیالات اور تجاویز اس مہینے کی 29 تاریخ تک ٹول فری نمبر: ایک آٹھ صفر صفر ایک سات آٹھ صفر صفر اور نریندر مودی ایپ یا MyGov اوپن فورم کے ذریعے بھیج سکتے ہیں۔×

Wang Yi India Visit

چین کے وزیر خارجہ **Wang Yi** خصوصی نمائندہ طریقۂ کار کے تحت بات چیت کے لیے 18 اگست کو بھارت کا

دورہ کریں گے۔ اُن کا یہ دورہ وزیر اعظم نریندر مودی کے شنگھائی تعاون تنظیم سربراہ کانفرنس میں شرکت کے لیے چین کے دورے سے کچھ ہی پہلے ہو رہا ہے۔ چین کے شہر **Tianjin** میں **31** اگست سے یکم ستمبر تک یہ سربراہ کانفرنس منعقد ہوگی۔ **8** اگست کو چین نے کہا تھا کہ وہ **SCO** سربراہ کانفرنس میں وزیر اعظم مودی کی شرکت کا خیر مقدم کرتا ہے۔×

Lavrov-Jaishankar Meeting

روس کے وزیر خارجہ **Sergei Lavrov** ، **21** اگست کو ماسکو میں وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کے ساتھ میٹنگ کریں گے۔ روس کی وزارتِ خارجہ نے اس کی تصدیق کی ہے۔ دونوں رہنما دوطرفہ ایجنڈے سے متعلق اہم امور اور بین الاقوامی فریم ورک کے اندر باہمی تعاون کے اہم پہلوؤں کے بارے میں تبادلۂ خیال کریں گے۔ یہ میٹنگ قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال کے ماسکو کے حالیہ دورے کے بعد ہو رہی ہے۔ اس دورے کے دوران جناب ڈوبھال نے روس کے صدر ولادیمیر پتن اور دیگر رہنماؤں سے ملاقات کی تھی۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ضمیر
شکریہ - کلیم

قومی راجدھانی دلّی سے آج شائع ہونے والے زیادہ تر اردو اخبارات نے مختلف خبروں کو نمایاں جگہ دی ہے۔

روزنامہ انقلاب نے یومِ آزادی کے پیشِ نظر راجدھانی دلّی میں سخت سیکورٹی انتظامات سے متعلق خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ اخبار کے مطابق لال قلعہ اور حساس مقامات پر خصوصی نگرانی رکھی جارہی ہے، ساتھ ہی ڈرون اڑانے پر بھی پابندی عائد کردی گئی ہے۔

روزنامہ ملاپ نے یومِ آزادی کے موقع پر منائی جارہی ''ہر گھر ترنگا'' مہم کی خبر کو صفحۂ اوّل پر جگہ دی ہے۔ اِس کے تحت مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ نے اپنی رہائش گاہ پر ترنگا لہرایا۔ حکومت کی جانب سے ہر سال اِس مہم کے تحت عوام کو اپنے گھر پر ترنگا لہرانے کی ترغیب دی جاتی ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے تاریخی لال قلعہ پر **15** اگست کو منعقد ہونے والی یومِ آزادی تقریب میں ملک بھر سے منتخب پنچایت اداروں کے نمائندوں کی شرکت سے متعلق خبر کو نمایاں جگہ دی ہے۔ اخبار نے لکھا ہے کہ **28** ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں کے **210** پنچایتی نمائندے یومِ آزادی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کریں گے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے اتر پردیش اور بہار میں مانسون بارش کے قہر سے متعلق خبر کو صفحۂ اوّل کی شہ سُرخی بنایا ہے۔ اِس دوران بھارت محکمۂ موسمیات نے جموں و کشمیر، اترا کھنڈ اور تلنگانہ میں شدید بارش کا ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔×

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- صدر جمہوریہ دروپدی مرمو 79 ویں یومِ آزادی کے موقع پر آج قوم سے خطاب کریں گی۔

2- بھارت نے 100 گیگا واٹ سولر پی وی ماڈیول مینوفیکچرنگ کی صلاحیت حاصل کر کے ایک اہم سنگِ میل حاصل کیا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے اس حصولیابی کی تعریف کی ہے اور اسے خود کفالت کے لیے ایک اہم سنگِ میل قرار دیا ہے۔

3- اتراکھنڈ نے، سابق اگنی ویروں کے لیے سرکاری سروسز میں براہِ راست تقرری کے لیے 10 فیصد Horizontal ریزرویشن کی منظوری دی ہے۔

4- سپریم کورٹ کے تین ججوں کی بنچ آج، قومی راجدھانی خطّے دلّی میں آوارہ کتّوں کے معاملے کی سماعت کرے گی۔

5- اور بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے جموں و کشمیر، ہماچل پردیش اور ساحلی آندھراپردیش میں آج انتہائی شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------